ENTRANCE EXAMINATION, 2013

ADVANCED DIPLOMA IN MASS MEDIA IN URDU

[Field of Study Code : URDA (502)]

Time Allowed : 3 hours *Maximum Marks* : 70

نوٹ : تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ سبھی سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

-1 عوامی ذرائع ترسیل کی ترقی سے ہمارے معاشرے پر کس قسم کے اثرات مرتب ہوئے؟ واضح کیجئے۔

یا

' ہندوستانی سنیما کے سو سال ' کے موضوع پر ایک جامع مضمون لکھئے۔

-2 چار سب سے زیادہ پُراثر عوامی ذرائع ابلاغ کون کون سے ہیں اور ان میں اولیت کسے حاصل ہے؟ مدلل لکھئے۔

یا

صحافت کو مملکت کا چوتھا ستون کیوں کہا جاتا ہے؟ وضاحت سے لکھئے۔

-3 نامہ نگاری سے کیا مراد ہے اور اس کے بنیادی اصول کیا ہیں ؟ مختصراً بیان کیجئے۔

یا

نامہ نگاروں کی کتنی قسمیں ہیں اور ان کا دائرہ کار کیا ہے ؟ تفصیل سے لکھئے۔

-4 کیا ریڈیو کا ادارہ رو بہ زوال ہے ؟ اگر ایسا ہے تو اس کے اسباب کیا ہیں ؟ مدلل لکھئے۔

یا

ہندوستان میں ریڈیو کی ابتدا و ارتقا کا جائزہ لیجئے۔

5- عہدِ حاضر میں فلم کی مقبولیت کے اسباب کیا ہیں ؟ مدلل لکھئے۔

یا

اردو تہذیب و معاشرت پر منحصر اپنی کسی پسندیدہ فلم پر تبصرہ کیجئے۔

6- ' انارکلی ' میں کردار نگاری اور مکالمہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

یا

' اندر سبھا امانت ' کے امتیازات پر روشنی ڈالئے۔

7- مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی پانچ کے جواب دیجئے :

(الف) مولانا ظفر علی خاں کے اخبار کا نام کیا تھا ؟

(ب) ' فکر و تحقیق ' کہاں سے نکلتا ہے ؟

(ج) ' ہمدرد ' کے مالک / ایڈیٹر کا نام بتائیے۔

(د) مکتبہ جامعہ سے نکلنے والے رسالے کا نام بتائیے۔

(ہ) فلم ' امراؤ جان ' کے ڈائریکٹر کا نام بتائیے۔

(و) ہندوستان میں ٹیلی ویژن کی ابتدا کس سنہ میں ہوئی؟

(ز) محمد مجیب کے کسی ایک ڈرامے کا نام لکھئے۔

(ح) صحافت کے فن پر لکھی سید اقبال قادری کی کتاب کا کیا نام ہے ؟

(ط) دادا صاحب پھالکے کا اصل نام کیا ہے ؟

(ی) مولوی محمد باقر کے اخبار کا نام بتائیے۔

★★★